PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پہلا ویمنز ون ڈے: ویسٹ انڈیز نے پاکستان کو 113 رنز سے ہرا دیا

- کپتان ہیلی میتھیوز کی کریئر بیسٹ سنچری اور تین وکٹوں کی عمدہ آل راؤنڈ کارکردگی

کراچی 18 اپریل، 2024:

ویسٹ انڈیز ویمنز ٹیم نے کپتان ہیلی میتھیوز کی کریئر بیسٹ سنچری اور تین وکٹوں کی عمدہ آل راؤنڈ کارکردگی کی بدولت پاکستان ویمنز کو پہلے ون ڈے انٹرنیشنل میں 113 رنز سے شکست دے کر تین میچوں کی سیریز میں ایک صفر کی برتری حاصل کرلی۔ ہیلی میتھیوز اس عمدہ کارکردگی پر پلیئر آف دی میچ قرار پائیں۔

جمعرات کے روز نیشنل بینک اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے میچ میں مہمان ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور مقررہ 50 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 269 رنز بنائے۔ پاکستان ویمنز ٹیم جواب میں 156 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

ویسٹ انڈیز ویمنز کی اننگز میں ہیلی میتھیوز اور شیمین کیمبل نے دوسری وکٹ کی شراکت میں 102 رنز کا اضافہ کیا۔ شیمین کیمبل چار چوکوں کی مدد سے 45 رنز بنا کر لیگ اسپنر طوبیٰ حسن کی گیند پر ایل بی ڈبلیو ہوگئیں۔

ہیلی میتھیوز نے 150 گیندوں پر 140 رنز کی ناٹ آؤٹ کی شاندار اننگز کھیلی جس میں 15 چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔ یہ ان کی ون ڈے انٹرنیشنل میں پانچویں اور پاکستان کے خلاف دوسری سنچری ہے اس سے قبل انہوں نے 2021 میں انٹیگا میں سنچری اسکور کی تھی۔

پاکستان ویمنز کی طرف سے لیفٹ آرم اسپنر سعدیہ اقبال 38 رنز کے عوض دو وکٹیں لے کر سب سے کامیاب بولر رہیں۔ لیگ اسپنر طوبیٰ حسن نے بھی دو وکٹیں 48 رنز دے کر حاصل کیں۔ پاکستان ویمنز کی اننگز میں طوبیٰ حسن 25 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہیں۔ ہیلی میتھیوز نے 17 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

دونوں ٹیموں کے درمیان دوسرا ون ڈے انٹرنیشنل اتوار کو کھیلا جائے گا۔

مختصر اسکور:

ویسٹ انڈیز ویمنز 269 رنز 8 کھلاڑی آوٹ (50 اوورز) ہیلی میتھیوز 140 رنز ناٹ آوٹ۔ شیمین کیمبل 45۔ سعدیہ اقبال 38/2 وکٹ۔ طوبیٰ حسن 48/2 وکٹ۔

پاکستان ویمنز۔ 156 رنز (35.5 اوورز) طوبیٰ حسن 25۔ ہیلی میتھیوز 17/3 وکٹ۔

نتیجہ۔ ویسٹ انڈیز ویمنز کی 113 رنز سے کامیابی۔–

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial